CONSTRUCTION INDUSTRY COUNCIL
建造業議會

پائلنگ کارگزار
(ضربی پائل)
انٹرمیڈیٹ ٹریڈ ٹیسٹ
تحریری موک ٹیسٹ پیپر

此文件關於打樁中工（撞擊式樁）工藝測試考題。如有需要索取此文件的中文版本，請致電 2100 9000 與香港建造業工藝測試中心聯絡。

This document related to mock test paper of intermediate trade test for Piling Operator (Percussive Pile). Should you require an English version of this document, please contact Hong Kong Construction Industry Trade Testing Centre at 2100 9000.

اظہار لا تعلقی

سی آئی سی کی لکھی ہوئی اجازت کے بغیر اس مواد کے کسی بھی حصے کو دوبارہ چھاپہ, تیار یا منتقل کسی بھی طرح سے یا کسی بھی مقصد کے لئے نہیں کیا جا سکتا. جبکہ اس مواد میں شامل معلومات کی درستگی کو یقینی بنانے کے لئے مناسب کوششیں کی گئی ہیں , اس کے باوجود سی آئی سی ہمیشہ قارئین کو جتنا ممکن ہو اپنے پیشہ ور مشیروں سے آزادانہ مشورہ طلب کرنے کی حوصلہ افزائی کرے گا اور قارئین کسی متعلقہ اقدامات کے لئے ایسے پیشہ ور مشورے کے لئے اس مواد کو بطور متبادل نہ سمجھیں اور نہ ہی اس پر انحصار کریں۔

معلومات

اس مواد کے بارے میں انکوائری ہانگ کانگ کنسٹرکشن انڈسٹری ٹریڈ ٹیسٹنگ سینٹرمیں کی جا سکتی ہے.

95, Yue Kwong Road	95, یی کوونگ روڈ
Aberdeen	آبرڈین
Hong Kong	ہانگ کانگ

(852) 2100 9000	ٹیلی فون :
(852) 2100 9090	فیکس :
enquiry@cic.hk	ای میل :
www.cic.hk	ویب سائٹ:

© 2020 تعمیراتی صنعتی کاؤنسل.

تعمیراتی صنعتی کونسل

<u>پائلنگ کارگزار (ضربی پائل) انٹرمیڈیٹ ٹریڈ ٹیسٹ سوالات</u>

【حصہ B (کثیر الانتخابی) سوالات】

امیدوار کا نام (انگریزی زبان میں): ____________________________________

امیدوار کا نمبر : ____________________________________

HKID نمبر : ____________________________________

ٹیسٹ کی تاریخ : __________ دن __________ ماہ __________ سال

وقت کی حد : 20 منٹ

کثیر الانتخابی سوالات: کل 10 سوالات، ہر ایک کے4 آپشن ہیں

نوٹ برائے امیدواران:

براہ کرم سوال کے سب سے موزوں جواب کے ساتھ والے خانے میں ٹک کا نشان لگائیں(☑)۔

1. مشین کو چلانے سے پہلے کس چیز کا خیال رکھنا چاہئے؟
   (a) ٹکراؤ سے بچنے کے لئے دیگر مشین سیٹ کے ساتھ مربوط ہونا اور یہ کہ زمین مستحکماورمحفوظ ہو ☐
   (b) آگ کی صورت میں راستے میں رکاوٹ سے بچنے کے لئے کے لئے دیگر مشین سیٹ کے ساتھ مربوط ہونا ☐
   (c) سامان کی منتقلی میں رکاوٹ سے بچنے کے لئے کے لئے دیگر مشین سیٹ کے ساتھ مربوط ہونا ☐
   (d) پیدل چلنے والوں کی راہ میں رکاوٹ سے بچنے کے لئے کے لئے دیگر محکموں کے ساتھمربوط ہونا ☐

2. انسانی کٹہرے کی کیا خصوصیات ہیں؟
   (a) انسانی کٹہرے میں مناسب حفاظتی سلاخوں کی تنصیب ہونی چاہئے جو کہ گرنے کی صورت میں حفاظت مہیا کرسکیں ☐
   (b) انسانی کٹہرے کی موزوں شخص کے تحت جانچ ہونی چاہئے اور ایک درست تاریخ والے سرٹیفکیٹ کا کٹہرے پر چسپاں ہونا چاہئے ☐
   (c) انسانی کٹہرے میں دیگر اوزار و سامان کو رکھنے کے لئے زیادہ جگہ کا ہونا ضروری ہے ☐
   (d) استعمال سے پہلے ہر دن سیفٹی نگران کار کے تحت جانچ ہونی چاہئے ☐

3. براہ کرم مختصر طور پر بتائیں کہ H پائلز کو جوڑنے کے بعد حرکت پذیری کو جاری رکھنے سے پہلے کس طریقہ کار کو اپنانا چاہئے؟
   (a) استعمال سے پہلے پائلز کو قابل ویلڈنگ انسپکٹر کے تحت مختلف ٹیسٹ سے گزرنا پڑے گا جو انجینئر کی جانب سے مستند ہوگا ☐
   (b) استعمال سے پہلے پائلز کو قابل شخص کے تحت حفاظتی روغن کی تہہ سے رنگ دار کیا جائے گا جو انجینئر کی جانب سے مستند ہوگا ☐
   (c) استعمال سے پہلے پائلز کا قابل شخص کے تحت اندراج ہوگا اور وقت ریکارڈ ہوگا جو انجینئر کی جانب سے مستند ہوگا ☐
   (d) استعمال سے پہلے پائلز کا انجینئر اور سیفٹی افسر کی جانب سے جانچ میں کامیابی حاصل کرنا ضروری ہے ☐

4. H پائلز کی تکمیل کا اعلان کرنے سے پہلے کس کیفیت کا حاصل ہونا ضروری ہے؟
   (a) پائلنگ کارگزار فیصلہ کرے گا ☐
   (b) مقام پر H پائلز کی یکساں تقسیم کریں اور انہیں استعمال کریں ☐
   (c) جب معائدہ کے مطابق گہرائی کو پہنچ جائیں اور H پائل کا مزاحمت کا سامنا کرنے کے ساتھ آواز کا بند ہوجانا ☐
   (d) عام طور پر، H پائل کو مقررہ گہرائی یا پھر پتھر کی سطح تک جانا پڑے گا اور منظور شدہ پلان کے مطابق آخری سیٹ شیڈول کے تابع ہونا پڑے گا، اور انجینئر کے تحت جانچ میں کامیاب ہونا پڑے گا ☐

5. فرض کیجئے کہ مقام پر دو H پائلز موجود ہیں جن کے پہلے دو نمونوں کے جوڑے یکساں ہیں لیکن آخری نمونے کا جوڑا مختلف ہے، جیسے کہ پہلی پائل پر نمونہ 180 x 305 x 305 ہے اور دوسرے پائل کا 223 x 305 x 305 ہے۔ آپ کس طرح سے ان میں تفریق کریں گے؟

(a) وہ مختلف ممالک میں تیار ہوئے ہیں ☐
(b) دو نمونوں کے جوڑے منصوبے کی ریکارڈنگ میں آسانی کے لئے مختلف ہیں ☐
(c) دونوں H پائلز کارقبہ یکساں ہے لیکن وزن مختلف ہے۔ دوسری پائل جس کا نمونہ زیادہ ہے، زیادہ وزنی ہے اور زیادہ کثیف مواد ہے ☐
(d) دونوں H پائلز کارقبہ اور وزن یکساں ہے۔ ان میں فرق یہ ہے کہ یہ مختلف تاریخ میں تیار ہوئے ہیں ☐

6. مندرجہ ذیل میں سے کام کے چبوترے کے لئے حفاظتی سلاخوں کی اونچائی کی کیا حد ہونی چاہئے؟

(a) 400 تا 550 ملی میٹر ☐
(b) 600 تا 850 ملی میٹر ☐
(c) 900 تا 1150 ملی میٹر ☐
(d) 1200 تا 1450 ملی میٹر ☐

7. کارگزاروں کو گھومنے والی مشینوں کو چلانے کے لئے سوتی کپڑے کے دستانے کیوں نہیں پہننے چاہئے؟

(a) سوتی کپڑے کے دستانے تیل کو جذب کرتے ہیں ☐
(b) سوتی کپڑے کے دستانے خراب ہوجائیں گے ☐
(c) سوتی کپڑے کے دستانے مشین کے گھومنے والے حصے میں پھنس جائیں گے ☐
(d) سوتی کپڑے کے دستانے باآسانی جلد کی الرجی کا سبب بن سکتے ہیں ☐

8. دھات کی کٹائی کے لئے چرخی کٹائی والی مشین کا استعمال کرنے سے پہلے کس چیز کوپہلے پہننا چاہئے؟

(a) سوتی کپڑے کے دستانے ☐
(b) حفاظتی چشمہ ☐
(c) گھٹنوں تک آنے والے جوتے ☐
(d) نوک دار کپڑے کی ٹوپی ☐

9. کرین آپریشن کے دوران تصویر میں شخص کی جانب سے دیئے گئے ہاتھ کے اشارے کا مطلب ہے:



(a) سب کچھ چھوڑ دیں ☐
(b) ہنگامی طور پر رک جائیں ☐
(c) حرکت پذیری ☐
(d) بوم کو اٹھائیں ☐

10. کرین آپریشن کے دوران تصویر میں شخص کی جانب سے دیئے گئے ہاتھ کے اشارے کا مطلب ہے:

(a) ذیلی ہویسٹ کا استعمال کریں ☐
(b) لوڈ کو ترک کریں ☐
(c) لوڈ کو زبردستی نیچے رکھ سکتے ہیں ☐
(d) لوڈ جھر جھرا ہے ☐